وَقَدَّرَ مَنَازِلَکَ وَجَعَلَکَ مَوَاقِیْتَ لِلنَّاسِ

اور تیری منزلیں معیّن کر دیں اور تجھے لوگوں کے لیے زمانے کا نشان بنایا

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا ھِلَالًا مُّبَارَکًا

یا اللہ! یہ چاند دیکھنا برکت کا سبب ہو

اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْہُ عَلَیْنَا بِالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ

یا اللہ! یہ چاند ہم پر سلامتی و اسلام،

وَالْیَقِیْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالْبِرِّ وَالتَّقْوٰی

یقین و ایمان نیکی و تقویٰ

وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی

اور ایسی توفیق (عمل کا ضامن) ہو جو تجھے پسند اور تیری رضا کے قابل ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ! رحمت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آلِ محمدؐ پر

Scanned with CamScanner

# دُعا برائے سلامتی امام زمانؑ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

اَللّٰھُمَّ کُنْ لِّوَلِیِّکَ الْحُجَّۃِ ابْنِ الْحَسَنِ

اے معبود! محافظ بن جا اپنے ولی (حضرت) حجت ابن الحسنؑ کا

صَلَوَاتُکَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰبَآئِہٖ فِیْ ھٰذِہِ السَّاعَۃِ

تیری رحمت نازل ہو اُن پر اور اُن کے آبائے گرامی پر اس لمحہ میں

وَفِیْ کُلِّ سَاعَۃٍ وَّلِیًّا وَّحَافِظًا وَّقَآئِدًا

اور ہر آنے والے لمحہ میں بن جا اُن کا مددگار نگہدار پیشوا

وَّنَاصِرًا وَّدَلِیْلًا وَّعَیْنًا حَتّٰی تُسْکِنَہٗ اَرْضَکَ

حامی اور رہنما اور نگہبان یہاں تک کہ تو لوگوں کی چاہت سے

طَوْعًا وَّتُمَتِّعَہٗ فِیْھَا طَوِیْلًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ

اپنی زمین کی حکومت دے اور مدتوں اس پر برقرار رکھے یا اللہ رحمت نازل

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَھُمْ

فرما حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور اُن کے ظہور میں تعجیل فرما

**لایعنی گفتگو سے پرہیز ضروری ہے**

# دُعائے حفظِ ایمان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا

میں راضی ہوں کہ اللہ میرا رب ہے اور اسلام میرا دین ہے

وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ نَبِیًّا

حضرت محمّد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ میرے نبی اور

وَّبِعَلِیٍّ اِمَامًا وَّبِالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ

حضرت علیؑ میرے امام ہیں ۔ حضرات حسنؑ حسینؑ

وَعَلِیٍّ وَّمُحَمَّدٍ وَّجَعْفَرٍ وَّمُوْسٰی وَعَلِیٍّ

علیؑ محمّدؑ جعفرؑ موسٰیؑ علیؑ

وَّمُحَمَّدٍ وَّعَلِیٍّ وَالْحَسَنِ وَالْخَلَفِ الصَّالِحِ

محمّدؑ علیؑ حسنؑ اور خلفِ صالح (مہدیؑ)

عَلَیْہِمُ السَّلَامُ اَئِمَّۃً وَّسَادَۃً وَّقَادَۃً بِہِمْ

علیہم السلام میرے امام و سردار اور قائد ہیں میں ان (سب

اَتَوَلّٰی وَمِنْ اَعْدَائِہِمْ اَتَبَرَّءُ

حضرات) سے محبّت کرتا ہوں اور اُن کے دشمنوں سے بیزار ہوں

Scanned with CamScanner

# دُعائے وحدت

معتبر روایات میں ہے کہ فتح مکہ کے بعد رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنے اصحاب کے ساتھ حجرِ اسود کے پاس نماز پڑھی تو نماز سے فارغ ہو کر تین مرتبہ تکبیر کہی اور اس کے بعد ہاتھوں کو بلند کر کے یہ دعا پڑھی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِلٰھًا وَّاحِدًا وَّنَحْنُ لَہٗ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے جو واحد ہے اور ہم اسکے سامنے

مُسْلِمُوْنَ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا نَعْبُدُ

سرِتسلیم خم کرتے ہیں اللہ کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں ہم اس کے سوا

اِلَّآ اِیَّاہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ

کسی کی عبادت نہیں کرتے ہم اپنے دین میں مخلص ہیں اگرچہ (یہ بات)

الْمُشْرِکُوْنَ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّنَا وَرَبُّ

مشرکین کو ناپسند ہو اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ہمارا اور ہمارے

اٰبَائِنَا الْاَوَّلِیْنَ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ

آباؤ اجداد کا رب ہے کوئی معبود اللہ کے سوا نہیں وہ واحد،

وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ

واحد، واحد ہے اس نے اپنا وعدہ پورا فرمایا اپنے بندے کی نصرت فرمائی

وَاَعَزَّ جُنْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ

اپنے لشکر کو غالب کیا اور تمام گروہوں کو تنہا شکست دی

فَلَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ

پس حکمرانی اسی کی ہے اسی کے لیے (سب) تعریف ہے وہی زندہ کرتا اور موت دیتا ہے

وَيُمِيْتُ وَيُحْيِيْ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ

وہی مارتا ہے اور پھر زندہ کرتا ہے وہ ایسا زندہ ہے جس کو موت نہیں

بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

سب خیر اسکے ہاتھ میں ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے

## دُعا ادائے قرض

یہ دُعا جناب امیر المومنین علیہ السلام نے اپنے ایک صحابی کو لکھ کر بھیجی تھی۔ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں اور پڑھنے سے پہلے کسی سے بات نہ کریں۔ یہ دُعا آزمودہ ہے بشرطیکہ کفّار و مشرکین کے ہاتھ کا نہ کھائیں پیئیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے استدعا کرتا ہوں

بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَرْحَمَنِىْ بِلَا اِلٰهَ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ کے طفیل مجھ پر رحم فرما

اِلَّا اَنْتَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ يَا لَا اِلٰهَ

خداوندا! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں اے وہ کہ تیرے

اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَرْضَ

سوا کوئی معبود نہیں مجھ سے لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ کے واسطہ سے راضی ہو جا

عَنِّىْ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ

پروردگارا! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا

اے وہ کہ جسکے سوا اور کوئی عبادت کے لائق نہیں لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ کے واسطے

اَنْتَ اَنْ تَغْفِرَ لِىْ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

میرے گناہوں کو معاف فرما دے

**مجالس میں زیب و زینت کی بجائے**
**درس و تدریس کیلئے شرکت فرمائیں**

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ! رحمت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آلِ محمد پر

# دُعائے وسعتِ رزق

اگر کوئی صبح شام تین مرتبہ اس دُعا کو پڑھے گا تو اس کی برکت سے سات پشت تک محتاج نہ ہوگا۔

يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَا رَبُّ يَا رَبُّ يَا رَبُّ

یا اللہ یا اللہ یا اللہ اے پالنے والے اے پالنے والے اے پالنے والے

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اے وہ ذات کہ جو ہمیشہ زندہ اور قائم و دائم ہے اے صاحبِ عظمت و جلالت

اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ

میں تیرے عظیم اسمِ اعظم کے واسطہ سے تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ

تَرْزُقَنِيْ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا بِرَحْمَتِكَ

مجھ کو اپنی رحمت سے ایسا وسیع رزق عطا فرما جو حلال اور پاک و پاکیزہ ہو

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

اے رحم کرنے والوں سے (بڑھ کر) رحم کرنے والے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ! رحمت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آلِ محمد پر

# دُعائے مغفرت

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی فرض نماز کے بعد اس دُعا کو پڑھے گا اسکے تمام گناہ بخش دیے جائیں گے۔ یہ دُعا رمضان المبارک میں بھی ہر نماز کے بعد پڑھی جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْ عَلٰی اَھْلِ الْقُبُوْرِ السُّرُوْرَ

اے اللہ! قبروں میں دفن شدہ لوگوں کو مسرور فرما

اَللّٰھُمَّ اَغْنِ کُلَّ فَقِیْرٍ اَللّٰھُمَّ اَشْبِعْ کُلَّ جَائِعٍ

اے اللہ ہر محتاج کو غنی کر دے اے اللہ ہر بھوکے کو سیر و سیراب کر دے

اَللّٰھُمَّ اکْسُ کُلَّ عُرْیَانٍ اَللّٰھُمَّ اقْضِ

اے اللہ ہر بے لباس کو لباس پہنا اے اللہ ہر مقروض

دَیْنَ کُلِّ مَدِیْنٍ اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ عَنْ کُلِّ مَکْرُوْبٍ

کے قرض کو ادا فرما اے اللہ ہر مضطرب اور پریشان کی پریشانی دُور فرما

اَللّٰھُمَّ رُدَّ کُلَّ غَرِیْبٍ اَللّٰھُمَّ فُکَّ کُلَّ اَسِیْرٍ

اے اللہ ہر مسافر کو وطن واپس پہنچا اے اللہ ہر اسیر کو رہائی عطا فرما

Scanned with CamScanner

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ کُلَّ فَاسِدٍ مِّنْ اُمُوْرِ الْمُسْلِمِیْنَ

اے اللہ مسلمانوں کے تمام بگڑے اُمور کی اصلاح فرما

اَللّٰھُمَّ اشْفِ کُلَّ مَرِیْضٍ اَللّٰھُمَّ سُدَّ فَقْرَنَا

اے اللہ تمام مریضوں کو شفا عطا فرما اے اللہ! اپنی تونگری اور

بِغِنَاکَ اَللّٰھُمَّ غَیِّرْ سُوْٓءَ حَالِنَا

امیری سے ہماری محتاجی ختم کردے اے اللہ! ہماری بدحالی کو

بِحُسْنِ حَالِکَ اَللّٰھُمَّ اقْضِ عَنَّا الدَّیْنَ وَاَغْنِنَا

خوشحالی سے بدل دے اے اللہ ہمیں اپنے قرض ادا کرنے کی توفیق عطا فرما

مِنَ الْفَقْرِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

اور محتاجی سے بچالے بیشک توہی ہر چیز پر قادر ہے

## دُعائے طُولِ عمر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ صِحَّۃً وَّتَقْوٰی وَطُوْلَ

یا اللہ! میں تجھ سے صحت اور تقوٰی اور اچھے

عُمْرٍ فِیْ حُسْنِ عَمَلٍ وَّرِزْقٍ وَّاسِعٍ

اعمال کے ساتھ طولِ عمر اور ایسی خوشحال روزی کی دُعا کرتا ہوں

لَا تُعَذِّبُنِیْ عَلَیْہِ

جس سے مجھ پر عذاب نہ ہو

# دعائے دافعِ اعداء و حلّالِ مہمّات

مقاتل بن سلیمان نے امام زین العابدین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص سو مرتبہ یہ دُعا پڑھے جو مشکل بھی ہو وہ آسان ہو جائے گی اور دشمن بھی دفع ہو جائے گا۔ دعائے مبارک یہ ہے :۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اِلٰهِیۡ كَيۡفَ اَدۡعُوۡكَ وَاَنَا اَنَا

میرے اللہ تجھے کیسے پکاروں کہ میں میں ہوں (ایک بندۂ عاصی)

وَكَيۡفَ اَقۡطَعُ رَجَآئِیۡ مِنۡكَ وَاَنۡتَ اَنۡتَ

اور تجھ سے کیسے نا اُمید ہو جاؤں کہ تُو تُو ہے (اِک ذاتِ کریم)

اِلٰهِیۡ اِذَا لَمۡ اَسۡئَلۡكَ فَتُعۡطِيۡنِیۡ

میرے معبود! جب میں تجھ سے سوال نہیں بھی کرتا تو تیری طرف سے عطا ہوتی ہے

فَمَنۡ ذَا الَّذِیۡ اَسۡئَلُهٗ فَيُعۡطِيۡنِیۡ

تو اب اور کون ایسا ہے جس سے میں سوال کروں کہ وہ عطا کرے

اِلٰهِیۡ اِذَا لَمۡ اَدۡعُكَ فَتَسۡتَجِيۡبُ لِیۡ

میرے معبود! جب میں تجھ سے دعا نہیں بھی کرتا جب بھی تو دل کی تمنا پوری کر دیتا ہے

Scanned with CamScanner

فَمَنْ ذَا الَّذِیْ اَدْعُوْهُ فَیَسْتَجِیْبُ لِیْ

پھر اب کسے پکاروں کہ وہ دُعا قبول کرے

اِلٰهِیْ اِذَا لَمْ اَتَضَرَّعْ اِلَیْكَ فَتَرْحَمْنِیْ

میرے معبود! جب میں تیرے آگے عاجزی سے نہیں گڑگڑاتا تب بھی تو مجھ پر رحم فرماتا ہے

فَمَنْ ذَا الَّذِیْ اَتَضَرَّعُ اِلَیْهِ فَیَرْحَمُنِیْ

پھر اب میں کس کے آگے گڑگڑاؤں کہ وہ مجھ پر ترس کھائے

اِلٰهِیْ كَمَا فَلَقْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰی عَلَیْهِ

میرے اللہ! جس طرح تو نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے سمندر میں

السَّلَامُ وَنَجَّیْتَهٗ مِنَ الْغَرَقِ اَسْئَلُكَ

راستے بنائے اور انھیں ڈوبنے سے بچایا میں تجھ سے دعا کرتا ہوں

اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

کہ محمّد و آلِ محمّد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر رحمت نازل فرما

وَّاَنْ تُنَجِّیَنِیْ مِمَّآ اَنَا فِیْهِ (اپنا مدعا دل میں لائے)

اور مجھے موجودہ مشکل سے نجات عطا فرما

وَتُفَرِّجَ عَنِّیْ فَرَجًا عَاجِلًا غَیْرَ اٰجِلٍ

مجھے جلد از جلد کشائش دے، دیر نہ ہو

بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

تجھے تیرے فضل و کرم کا واسطہ محمّد و آلِ محمّد کے حق کا واسطہ

Scanned with CamScanner

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَاقْضِ

تجھے تیری رحمت کا واسطہ اے ارحم الراحمین

| | |
|---|---|
| لِیْ حَاجَتِیْ یَارَبِّ | مدعا ظاہر کرے |

میری ...... یہ حاجت پوری فرما اے میرے پروردگار

وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور رحمت نازل فرما محمد و آلِ محمد (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) پر

## عزاداری قبول کرانا ہے تو
## نماز کی پابندی فرمائیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ! رحمت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) اور آلِ محمدؑ پر

## سواری کی دُعا

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ

پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے تابع کر دیا ورنہ ہم اس پر قابو پانے

مُقْرِنِیْنَ ○ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ○

والے نہ تھے اور ہم اپنے رب کی طرف (پلٹ کر) جانے والے ہیں

Scanned with CamScanner

# دُعائے حاجات

یہ دُعا حاجت پوری ہونے ، بلائیں دُور کرنے ، اہم موقعوں پر مددگاری سختیوں سے چھٹکارا پانے ، ہلاکت سے بچنے ، دشمنوں کو دفع کرنے ، رنج و غم سے نجات پانے کے لیے صبح و شام پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

تَحَصَّنۡتُ بِذِی الۡمُلۡكِ وَالۡمَلَكُوۡتِ

مَیں نے مُلک و ملکوت ( دنیا کی روح و حقیقت ) کے قلعہ میں پناہ حاصل کر لی ہے

وَاعۡتَصَمۡتُ بِذِی الۡعِزَّةِ وَالۡعَظَمَةِ

اور مَیں عزت و عظمت

وَالۡهَيۡبَةِ وَالۡقُدۡرَةِ وَالۡجَلَالِ وَالۡجَمَالِ

ہیبت و قدرت ، جلال و جمال

وَالۡكَمَالِ وَالۡكِبۡرِيَآءِ وَالۡجُوۡدِ وَالۡجَبَرُوۡتِ

کمال و کبریائی اور سخاوت و قوت کے مالک سے وابستہ ہو گیا ہوں

وَتَوَكَّلۡتُ عَلَى الۡمَلِكِ الۡحَيِّ الَّذِیۡ لَا يَنَامُ

مَیں نے بھروسہ کر لیا ہے اس حقیقی بادشاہ پر جو زندہ جاوید ہے جسے نیند چھو نہیں گئی

وَلَا يَمُوْتُ دَخَلْتُ فِيْ حِرْزِ اللّٰهِ وَفِيْ كَنَفِ

نہ فنا اس کے پاس آسکتی ہے میں اللہ کی حفاظت ، اللہ کی حمایت

اللّٰهِ وَفِيْ اَمْنِ اللّٰهِ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ

اور اللہ کے امن میں داخل ہوگیا واسطہ ہے حق "کاف ہا یا ع ص" کا اور واسطہ ہے

حٰمٓ عٓسٓقٓ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ

حق "حا میم ع س ق" کا اور بہت جلد اللہ تجھے ان لوگوں سے بچالے گا ، وہ بہت

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ

بہت سننے اور بہت جاننے والا ہے "بسم اللہ" ہمارا دروازہ "تبارک الذی"

حِيْطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا

ہماری چاردیواری "یٰس" ہماری چھت "کاف ہا یا ع ص" ہماری کفالت

حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ

"حا میم ع س ق" ہماری حمایت کرنے والے ہیں . بہت جلد اللہ تیری ان سے حفاظت کرے گا

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حِصَارُهٗ

اور وہ بہت سننے اور بہت جاننے والا ہے "لا الہ الا اللہ" اس کا حصار

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قُفْلُهٗ وَمِسْمَارُهٗ

"محمد رسول اللہ" اس کا قفل اور کنجی

وَعَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ بَابُهٗ

اور "علی ولی اللہ" اس کا دروازہ ہے

# دعائے توبہ

أَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ

بخشش چاہتا ہوں اس خدا سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں

الْحَيُّ الْقَيُّومُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

وہ زندہ ہے قائم رہنے والا ہے بخشنے والا مہربان ہے

ذُوالْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ

صاحبِ جلالت واکرام ہے مجھے اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے

وَأَسْأَلُهُ أَنْ يُّصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور اس سے خواہش کرتا ہوں کہ وہ رحمت نازل کرے محمدؐ و آلِ محمدؐ پر

وَّأَنْ يَّتُوْبَ عَلَيَّ تَوْبَةَ عَبْدٍ ذَلِيْلٍ خَاضِعٍ

اور یہ کہ اس بندۂ ذلیل کی توبہ کو قبول کرلے جو عاجز

خَاشِعٍ فَقِيْرٍ مِّسْكِيْنٍ مُّسْتَكِيْنٍ

خوف کھانے والا محتاج بے نوا زاری کرنے والا ہے

لَا يَمْلِكُ لِنَفْسِهٖ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا وَّلَا مَوْتًا

اور جو اپنے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہے نہ کسی سود و زیاں اور نہ موت و

وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا

حیات اور نہ ہی دوبارہ زندہ ہونے کا

Scanned with CamScanner

# ہفتہ کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

بِسْمِ اللّٰہِ کَلِمَۃِ الْمُعْتَصِمِیْنَ وَمَقَالَۃِ الْمُتَحَرِّزِیْنَ

بسم اللہ جو حفاظت چاہنے والوں کا تکیہ کلام اور حفاظت کے خواہشمندوں کا قول ہے

وَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ تَعَالٰی مِنْ جَوْرِ الْجَآئِرِیْنَ

میں اللہ کے ذریعہ پناہ مانگتا ہوں ظالموں کے ظلم،

وَکَیْدِ الْحَاسِدِیْنَ وَبَغْیِ الظّٰلِمِیْنَ

حاسدوں کے مکر اور ستمگروں کی سرکشی سے

وَاَحْمَدُہٗ فَوْقَ حَمْدِ الْحَامِدِیْنَ

میں اس معبود کی حمد کرتا ہوں (ایسی حمد) جو حمد کرنے والوں کی حمد سے بڑھ چڑھ کر ہو

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْوَاحِدُ بِلَا شَرِیْکٍ وَّالْمَلِکُ

بارِ الٰہا! تو یکتا و لاشریک ہے تو کسی کے مالک بنائے

بِلَا تَمْلِیْکٍ لَا تُضَادُّ فِیْ حُکْمِکَ وَلَا تُنَازَعُ

بغیر مالک ہے نہ تیرے فرمان کی مخالفت ہو سکتی ہے اور نہ تیرے مُلک

فِیْ مُلْکِکَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

میں کوئی تیرا حریف و فریق ہو سکتا ہے میں دعا کرتا ہوں تو اپنے خاص بندے اور رسول

Scanned with CamScanner

مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَاَنْ تُوْزِعَنِيْ مِنْ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکریہ

شُكْرِ نُعْمَاكَ مَا تَبْلُغُ بِيْ غَايَةَ رِضَاكَ

میں وہ رحمت عطا فرما جو مجھے تیری انتہائے خوشنودی تک پہنچا دے

وَاَنْ تُعِيْنَنِيْ عَلٰى طَاعَتِكَ وَلُزُوْمِ عِبَادَتِكَ

اور تیرے لطف وعنایت سے مجھے تیری اطاعت اور عبادت کا پابند

وَاسْتِحْقَاقِ مَثُوْبَتِكَ بِلُطْفِ عِنَايَتِكَ وَتَرْحَمَنِيْ

اور ثواب کا مستحق بنانے میں میری مدد کرے۔ تو مجھ پر رحم فرما

بِصَدِّيْ عَنْ مَّعَاصِيْكَ مَآ اَحْيَيْتَنِيْ

اور جب تک زندہ رکھنا چاہے اس وقت تک مجھے اپنی نافرمانیوں سے باز رکھ

وَتُوَفِّقَنِيْ لِمَا يَنْفَعُنِيْ مَآ اَبْقَيْتَنِيْ

اور جب تک مجھے باقی رکھنا منظور ہو اس وقت تک انہی کاموں کی توفیق دے جو نفع بخش ہوں

وَاَنْ تَشْرَحَ بِكِتَابِكَ صَدْرِيْ وَتَحُطَّ بِتِلَاوَتِهٖ

اور اپنی کتاب کے ذریعے میرا سینہ کھول دے اور اس کی تلاوت کے ذریعے

وِزْرِيْ وَتَمْنَحَنِي السَّلَامَةَ فِيْ دِيْنِيْ

میرے گناہوں کا بوجھ ہلکا فرمادے۔ مجھے دین اور جان کی سلامتی مرحمت فرما

وَنَفْسِيْ وَلَا تُوْحِشَ بِيْ اَهْلَ اُنْسِيْ

مجھ سے محبت رکھنے والوں کو میرے اعمال کی بدولت پریشان نہ فرما

وَتُتِمَّ اِحْسَانَكَ فِیْمَا بَقِیَ مِنْ عُمْرِیْ

اور میری باقی زندگی میں تو اسی طرح اپنے احسانوں کی تکمیل فرما

كَمَآ اَحْسَنْتَ فِیْمَا مَضٰی مِنْهُ يَآ اَرْحَمَ

جیسے میری گزشتہ زندگی میں تو نے احسانات جاری رکھے اے رحم کرنیوالوں میں

الرّٰاحِمِیْنَ ط

سب سے زیادہ رحم کرنے والے!

## اتوار کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اَرْجُوْٓا اِلَّا فَضْلَهٗ

اللہ کے نام سے کہ میں صرف اسی کے فضل کا امیدوار ہوں

وَلَآ اَخْشٰی اِلَّا عَدْلَهٗ وَلَآ اَعْتَمِدُ اِلَّا قَوْلَهٗ

میں صرف اسی کے عدل سے ڈرتا ہوں اور صرف اسی کے وعدہ پر بھروسہ کرتا ہوں

وَلَآ اُمْسِكُ اِلَّا بِحَبْلِهٖ - بِكَ اَسْتَجِیْرُ

اور صرف اسی کے رشتہ سے وابستہ ہوں میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں

يَاذَا الْعَفْوِ وَالرِّضْوَانِ مِنَ الظُّلْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمِنْ

اے معافی و خوشنودی کے مالک! ظلم و سرکشی سے دُنیا کی

Scanned with CamScanner

غِيَرِ الزَّمَانِ وَتَوَاتُرِ الْاَحْزَانِ وَطَوَارِقِ الْحَدَثَانِ

نیرنگیوں سے لگاتار غموں سے اور نازل ہونے والے حادثوں سے

وَمِنِ انْقِضَاءِ الْمُدَّةِ قَبْلَ التَّاَهُّبِ وَالْعُدَّةِ

اور اس بات سے کہ تیار اور کمربستہ ہونے سے پہلے مدت (زندگی) ختم ہو جائے

وَاِيَّاكَ اَسْتَرْشِدُ لِمَا فِيْهِ الصَّلَاحُ وَالْاِصْلَاحُ

اور میں صرف تجھ ہی سے ان باتوں میں رہنمائی چاہتا ہوں جن میں بھلائی اور اصلاحِ احوال ہو

وَبِكَ اَسْتَعِيْنُ فِيْمَا يَقْتَرِنُ بِهِ النَّجَاحُ وَالْاِنْجَاحُ

اور تجھ سے ان چیزوں میں مدد چاہتا ہوں جن کی بدولت نجات اور کامیابی ہو

وَاِيَّاكَ اَرْغَبُ فِيْ لِبَاسِ الْعَافِيَةِ وَتَمَامِهَا

اور صرف تجھ سے خواہش کرتا ہوں کہ عافیت کا لباس اور اس کی تکمیل

وَشُمُوْلِ السَّلَامَةِ وَدَوَامِهَا ۔ اَعُوْذُ بِكَ يَا رَبِّ

اور سلامتی شامل حال اور اس کا دوام عطا ہو اے پروردگار! میں

مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَحْتَرِزُ بِسُلْطَانِكَ

شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور تیرے اقتدار کی مدد سے

مِنْ جَوْرِ السَّلَاطِيْنِ فَتَقَبَّلْ مَا كَانَ مِنْ

بادشاہوں کے جور سے بچنا چاہتا ہوں میری نماز اور میرا روزہ

صَلٰوتِیْ وَصَوْمِیْ وَاجْعَلْ غَدِیْ وَمَا بَعْدَهٗ

جیسا بھی ہے قبول فرما اور میرا آنے والا دن اور مستقبل

أَفْضَلَ مِنْ سَاعَتِيْ وَيَوْمِيْ وَاَعِزَّنِيْ فِيْ

یعنی اس لمحے اور اس دن سے بہتر بنادے اور مجھے میری قوم

عَشِيْرَتِيْ وَقَوْمِيْ وَاحْفَظْنِيْ فِيْ يَقْظَتِيْ وَنَوْمِيْ

اور قبیلے میں معزز قرار دے اور مجھے سوتے جاگتے میں محفوظ رکھ

فَاَنْتَ اللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

اس لیے کہ اے اللہ تو بہترین حفاظت کرنیوالا اور تو ہی سب مہربانوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَبْرَأُ اِلَيْكَ فِيْ يَوْمِيْ هٰذَا وَمَا بَعْدَهٗ

یا اللہ میں تیرے حضور آج کے دن اور آج کے بعد آنے والی

مِنَ الْاٰحَادِ مِنَ الشِّرْكِ وَالْاِلْحَادِ

اتواروں میں شرک اور الحاد (بے دینی) سے لاتعلق کا اظہار کرتا ہوں

وَاُخْلِصُ لَكَ دُعَآئِيْ تَعَرُّضًا لِّلْاِجَابَةِ

اور اپنی دعا کو فقط تیرے لیے مخصوص کرتا ہوں قبول ہونے کے لیے

وَاُقِيْمُ عَلٰى طَاعَتِكَ رَجَآءً لِّلْاِثَابَةِ

اور تیری اطاعت پر ثابت قدم ہوتا ہوں ثواب کی امید میں

فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَيْرِ خَلْقِكَ الدَّاعِيْ اِلٰى حَقِّكَ

محمد مصطفےٰ پر رحمت نازل فرما کہ آپ تیری مخلوق میں سب سے بہتر اور تیرے حق (اسلام) کے داعی ہیں

وَاَعِزَّنِيْ بِعِزِّكَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ وَاحْفَظْنِيْ

اور مجھے اپنی ایسی عزت سے معزز فرما جسے ذلت سے بدلا نہیں جا سکتا اور میری حفاظت فرما

بِعَیْنِکَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاخْتِمْ بِالْاِنْقِطَاعِ

اپنی اس نگاہِ کرم کے ذریعے جسے غفلت نہیں ہوتی اور میرے معاملات اپنے

اِلَیْکَ اَمْرِیْ وَبِالْمَغْفِرَۃِ عُمْرِیْ

حضور میں مکمل وابستگی پر اور میری زندگی مغفرت پر تمام کر

اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

یقیناً تو بہت بخشنے والا اور بہت رحم کرنے والا ہے

## پیر کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یُشْھِدْ اَحَدًا حِیْنَ فَطَرَ

ہر طرح کی حمد اللہ کے لیے ہے جس نے آسمانوں اور زمین تخلیق کرتے وقت

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا اتَّخَذَ مُعِیْنًا حِیْنَ

کسی کو گواہ نہیں بنایا اور نہ کسی کو مددگار بنایا جس وقت

بَرَاَ النَّسَمَاتِ لَمْ یُشَارَکْ فِی الْاِلٰھِیَّۃِ

جاندار پیدا کیے نہ الوہیت میں اس کا کوئی شریک

وَلَمْ یُظَاھَرْ فِی الْوَحْدَانِیَّۃِ کَلَّتِ الْاَلْسُنُ

نہ وحدانیت میں کوئی پشت پناہ زبانیں اس کی

عَنْ غَايَةِ صِفَتِهٖ وَالْعُقُوْلُ عَنْ كُنْهِ مَعْرِفَتِهٖ

صفتوں کے بیان کرنے سے اور عقلیں اسکی حقیقت معرفت پانے سے عاجز ہیں

وَتَوَاضَعَتِ الْجَبَابِرَةُ لِهَيْبَتِهٖ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ

اور اسکی ہیبت کے سامنے بڑے بڑے سرکش سرنگوں اور چہرے اس کے خوف سے

لِخَشْيَتِهٖ وَانْقَادَ كُلُّ عَظِيْمٍ لِعَظَمَتِهٖ

جھکے ہوئے ہیں اور اسکی عظمت کی وجہ سے ہر بڑے سے بڑا فرماں بردار ہے

فَلَهُ الْحَمْدُ مُتَوَاتِرًا مُّتَّسِقًا وَمُتَوَالِيًا مُّسْتَوْثِقًا

پس اسی کے لیے پے بعد دیگرے مسلسل اور لگاتار حمد ہے

وَصَلَوٰتُهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ اَبَدًا وَّسَلَامُهٗ دَائِمًا سَرْمَدًا

اور اللہ کی رحمت ہو اسکے رسول پر ہمیشہ اور ہمیشہ سلام ہو آپ پر

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ يَوْمِيْ هٰذَا صَلَاحًا وَّاَوْسَطَهٗ

یا اللہ! میرے دن کا آغاز درستی اور درمیانی حصہ کامیابی

فَلَاحًا وَّاٰخِرَهٗ نَجَاحًا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ يَوْمٍ

اور آخری حصہ رستگاری بنادے اور میں ایسے دن سے تیری پناہ طلب کرتا

اَوَّلُهٗ فَزَعٌ وَّاَوْسَطُهٗ جَزَعٌ وَّاٰخِرُهٗ وَجَعٌ

ہوں جس کا آغاز غم درمیانی حصہ بے چینی اور آخری حصہ دکھ درد ہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ نَذْرٍ نَذَرْتُهٗ

یا اللہ! میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں ہر مانی ہوئی نذر کے بارے میں

وَكُلِّ وَعْدٍ وَّعَدْتُهٗ، وَكُلِّ عَهْدٍ عَاهَدْتُهٗ،

اور ہر کیے ہوئے وعدے کے سلسلے میں اور ہر کیے ہوئے معاہدے کے لیے جسے

ثُمَّ لَمْ اَفِ بِهٖ وَاَسْئَلُكَ فِيْ مَظَالِمِ عِبَادِكَ

میں پورا نہ کر سکا اور میں تجھ سے (معافی کا) سوال کرتا ہوں تیرے بندوں کے

عِنْدِيْ فَاَيُّمَا عَبْدٍ مِّنْ عَبِيْدِكَ اَوْ اَمَةٍ

ساتھ جو ناروا سلوک مجھ سے ہوئے۔ تو تیرے بندوں میں سے جس بندے اور تیری کنیزوں

مِنْ اِمَائِكَ كَانَتْ لَهٗ قِبَلِيْ مَظْلِمَةٌ ظَلَمْتُهَا

میں سے جس کنیز پر میری طرف سے کوئی زیادتی ہوئی ہو

اِيَّاهُ فِيْ نَفْسِهٖ اَوْ فِيْ عِرْضِهٖ اَوْ فِيْ مَالِهٖ اَوْ فِيْ

اس پر یا اس کی آبرو پر یا اس کے مال پر یا

اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ اَوْ غِيْبَةٍ اغْتَبْتُهٗ بِهَا

اس کے گھر والوں یا اس کی اولاد پر یا میں نے اس کی غیبت کی ہو

اَوْ تَحَامُلٌ عَلَيْهِ بِمَيْلٍ اَوْ هَوًى اَوْ اَنَفَةٍ

یا کسی جذبے سے اس پر زبردستی کوئی الزام لگایا ہو یا غلط خواہش یا اپنی برتری

اَوْ حَمِيَّةٍ اَوْ رِيَاءٍ اَوْ عَصَبِيَّةٍ غَائِبًا كَانَ

یا اپنی شان یا ظاہرداری یا تعصب برتا ہو وہ غیر حاضر ہو

اَوْ شَاهِدًا وَّحَيًّا كَانَ اَوْ مَيِّتًا فَقَصُرَتْ يَدِيْ

یا موجود، زندہ ہو یا مردہ اب میرے ہاتھوں نے کوتاہی

وَضَاقَ وُسْعِي عَنْ رَدِّهَا اِلَيْهِ وَالتَّحَلُّلِ مِنْهُ

کی اور میری ہمت نے تنگی کی کہ اس کا حق اسے واپس کرتا اور اس سے وہ حق معاف کرا لیتا

فَاَسْئَلُكَ يَا مَنْ يَّمْلِكُ الْحَاجَاتِ وَهِيَ

پس میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے حاجتوں کے مختار! حاجتیں

مُسْتَجِيْبَةٌ لِّمَشِيَّتِهٖ وَمُسْرِعَةٌ اِلَى اِرَادَتِهٖ

تیری مشیت سے قبول ہوتی اور تیرے اشارے کے بعد فوراً بر آتی ہیں

اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) و آلِ محمد پر رحمت نازل فرما

وَاَنْ تُرْضِيَهٗ عَنِّيْ بِمَا شِئْتَ

اور اس شخص کو مجھ سے راضی کر دے (جس کا حق مجھ سے ضائع ہوا ہے) جیسے تیری رضا ہو

وَتَهَبَ لِيْ مِنْ عِنْدِكَ رَحْمَةً اِنَّهٗ

اور مجھے اپنی بارگاہ سے رحمت عطا فرما بے شک

لَا تَنْقُصُكَ الْمَغْفِرَةُ وَلَا تَضُرُّكَ الْمَوْهِبَةُ

مغفرت تیرے لیے کسی کمی اور بخشش تیرے لیے کسی نقصان کا باعث نہیں

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ - اَللّٰهُمَّ اَوْلِنِيْ

اے سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالے یا اللہ! مجھے

فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اثْنَيْنِ نِعْمَتَيْنِ مِنْكَ

ہر دوشنبہ (پیر) کے دن اپنی طرف سے دو نعمتیں عطا

ثِنۡتَینِ سَعَادَةً فِیۡ اَوَّلِهٖ بِطَاعَتِكَ

آغازِ روز میں اطاعت و عبادت کی سعادت عطا فرما

وَنِعۡمَةً فِیۡ اٰخِرِهٖ بِمَغۡفِرَتِكَ یَا مَنۡ

اور آخرِ روز میں تیری مغفرت کا انعام اے وہ ذات

هُوَالۡاِلٰهُ وَلَا یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ سِوَاهُ

جو اللہ ہے اور جس کے سوا گناہ کوئی نہیں بخشتا

## منگل کی دُعا

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَالۡحَمۡدُ حَقُّهٗ كَمَا یَسۡتَحِقُّهٗ

حمد صرف اللہ کے لیے ہے اور حمد اللہ کا حق ہے اس طرح کی حمدِ بے حساب

حَمۡدًا كَثِیۡرًا وَّاَعُوۡذُ بِهٖ مِنۡ شَرِّ نَفۡسِیۡ

جس کا وہ حقدار ہے اور اللہ سے اپنے نفس کے شر کے بارے میں پناہ مانگتا ہوں

اِنَّ النَّفۡسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوۡٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیۡ

یقیناً نفس بدی پر زیادہ آمادہ کرنے والا ہے سوائے اسکے کہ میرا پروردگار رحم کرے

وَاَعُوۡذُ بِهٖ مِنۡ شَرِّ الشَّیۡطٰنِ الَّذِیۡ

اور اسی کی پناہ مانگتا ہوں اس شیطان کے شر سے جو

يَزِيْدُنِيْ ذَنْبًا اِلٰى ذَنْبِيْ وَاَحْتَرِزُ بِهٖ مِنْ

میرے گناہ میں مجھ سے اضافہ کراتا ہے اور میں اللہ کی مدد سے بچوں گا

كُلِّ جَبَّارٍ فَاجِرٍ وَّسُلْطَانٍ جَآئِرٍ وَّعَدُوٍّ قَاهِرٍ

ہر سرکش بدکار اور ظالم سلطان اور زبردست دشمن سے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنْ جُنْدِكَ فَاِنَّ جُنْدَكَ هُمُ

یا اللہ! مجھے اپنے لشکر میں شمار کر کیونکہ تیرا لشکر ہی

الْغٰلِبُوْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ حِزْبِكَ فَاِنَّ حِزْبَكَ

غالب ہے اور مجھے اپنی جماعت میں شمار کر کہ تیری جماعت ہی

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ اَوْلِيَآئِكَ

فلاح پائے گی اور مجھے اپنے دوستوں میں شمار فرما

فَاِنَّ اَوْلِيَآئَكَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

کہ تیرے ہی دوست وہ ہیں جنھیں نہ خوف ہوگا اور نہ کوئی غم ہوگا

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيْ فَاِنَّهٗ عِصْمَةُ اَمْرِيْ

یا اللہ! میرے لیے میرے دین کو درست رکھنا کیونکہ وہی میری (زندگی کے عمل) محنت کا

وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيْ فَاِنَّهَا دَارُ مَقَرِّيْ

ثمر ہے اور میری آخرت کو میرے لیے سنوار دے کہ وہ میری قیامگاہ ہے

وَاِلَيْهَا مِنْ مُّجَاوَرَةِ اللِّئَامِ مَفَرِّيْ

اور ذلیلوں کی ہم نشینی (اور پڑوس) سے بھاگ کر وہیں جانا ہے

وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ

اور میری زندگی کو نیکیوں میں اضافہ کا ذریعہ

وَالْوَفَاةَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ

اور موت کو ہر برائی سے بچنے کا وسیلہ بنا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَتَمَامِ

یا اللہ! آخری نبیؐ اور تعدادِ مرسلینؑ کو مکمل کرنیوالے

عِدَّةِ الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آپؐ کی پاک و پاکیزہ آلؑ پر

وَاَصْحَابِهِ الْمُنْتَجَبِيْنَ وَهَبْ لِيْ فِي

اور آپؐ کے منتخب صحابہ پر رحمت نازل فرما اور مجھے منگل (سہ شنبہ) کے دن

الثُّلَثَاءِ ثَلٰثًا لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ

تین انعام مرحمت فرما میرا کوئی گناہ بے مغفرت نہ چھوڑ

وَلَا غَمًّا اِلَّا اَذْهَبْتَهٗ وَلَا عَدُوًّا اِلَّا دَفَعْتَهٗ

اور کوئی غم ایسا نہ ہو جسے تو نے دور نہ کر دیا ہو اور کوئی دشمن ایسا نہ ہو جسے دفع نہ کر دیا ہو

بِبِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ

اس بسم اللہ کی برکت سے جو تمام اسمائے حسنیٰ میں اچھا نام ہے، اس اللہ کے نام سے جو

الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ اَسْتَدْفِعُ كُلَّ مَكْرُوْهٍ

زمین و آسمان کا پروردگار ہے میں تجھ سے ہر اس برائی کو دور کرنے کی دعا کرتا ہوں جسکے

اَوَّلُهٗ سَخَطُهٗ وَاسْتَجْلِبُ كُلَّ مَحْبُوْبٍ اَوَّلُهٗ رِضَاهُ

آغاز میں تیرا غضب ہو اور میں ہر اس دلپسند بات کو حاصل کرنا چاہتا ہوں جسکے آغاز میں تیری رضا ہو

فَاخْتِمْ لِيْ مِنْكَ بِالْغُفْرَانِ يَا وَلِيَّ الْاِحْسَانِ

اپنی بارگاہ سے میرا خاتمہ بخشش سے فرما اے احسان کے والی!

## بُدھ کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ

اللہ کی کامل و مکمل حمد جس نے رات کو ڈھانپنے اور نیند کو

سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا لَكَ الْحَمْدُ اَنْ

آرام دینے والا بنایا اور دن اُٹھنے اور چلنے پھرنے کے لیے۔ تیری حمد کہ

بَعَثْتَنِيْ مِنْ مَّرْقَدِيْ وَلَوْ شِئْتَ جَعَلْتَهٗ سَرْمَدًا

تو نے مجھے خوابگاہ سے اُٹھایا اور اگر تو چاہتا تو اس جگہ کو میرے لیے دائمی بنا دیتا

حَمْدًا دَآئِمًا لَّا يَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّلَا يُحْصِيْ لَهُ

ایسی دائمی حمد جو ابد تک ختم نہ ہو اور مخلوقات اس کی

الْخَلَآئِقُ عَدَدًا اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْ خَلَقْتَ

تعداد کا شمار نہ کر سکے یا اللہ! تیری حمد تو نے خلق کیا

فَسَوَّيتَ وَقَدَّرتَ وَقَضَيتَ وَاَمَتَّ وَاَحيَيتَ

اور معتدل اندازہ فرمایا اور آخری فیصلہ کیا، موت بخشی، زندگی دی۔

وَاَمرَضتَ وَشَفَيتَ وَعَافَيتَ وَاَبلَيتَ

بیماری اور شفا دی تندرست بھی رکھا اور مبتلا بھی کیا

وَعَلَى العَرشِ استَوَيتَ وَعَلَى المُلكِ احتَوَيتَ

تو عرش پر غالب اور مُلک کا مالک ہے

اَدعُوكَ دُعَاءَ مَن ضَعُفَت وَسِيلَتُهُ وَانقَطَعَت

میں تجھے اس شخص کی طرح پکار رہا ہوں جس کا سہارا کمزور، تدبیر

حِيلَتُهُ وَاقتَرَبَ اَجَلُهُ وَتَدَانٰى فِي الدُّنيَا اَمَلُهُ

منقطع موت قریب اور دنیا میں امیدیں ختم ہو رہی ہوں

وَاشتَدَّت اِلٰى رَحمَتِكَ فَاقَتُهُ وَعَظُمَت

اور تیری رحمت کی ضرورت شدت سے محسوس کر رہا ہو اور اس کی غفلتوں کی

لِتَفرِيطِهِ حَسرَتُهُ وَكَثُرَت زَلَّتُهُ وَعَثرَتُهُ

بنا پر حسرت بڑھ گئی ہو اور لغزشیں اور ٹھوکریں بڑھ گئی ہوں

وَخَلُصَت لِوَجهِكَ تَوبَتُهُ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اور اس نے پورے خلوص کے ساتھ تیری بارگاہ میں توبہ پیش کی تو رحمت نازل فرما محمد مصطفیٰ

خَاتَمِ النَّبِيِّينَ وَعَلٰى اَهلِ بَيتِهِ الطَّيِّبِينَ

خاتم النبیین (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ان کے معصوم و پاک اہلبیت پر

الطَّاهِرِيْنَ وَارْزُقْنِيْ شَفَاعَةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

اور مجھے شفاعت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ (وسلم)

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَلَا تَحْرِمْنِيْ صُحْبَتَهٗ اِنَّكَ اَنْتَ

نصیب فرما اور مجھے ان کی صحبت سے محروم نہ رکھنا یقیناً تو

اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ - اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِيْ

سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے یا اللہ! بدھ (چہار شنبہ) کے روز

فِي الْاَرْبَعَاۤءِ اَرْبَعًا اِجْعَلْ قُوَّتِيْ فِيْ طَاعَتِكَ

میری چار تمنائیں پوری فرمادے تیری فرماں برداری کے لیے قوت ملے،

وَنَشَاطِيْ فِيْ عِبَادَتِكَ وَرَغْبَتِيْ فِيْ ثَوَابِكَ

تیری عبادت کے لیے اُمنگ اور (حصولِ) ثواب کے لیے شوق

وَزُهْدِيْ فِيْمَا يُوْجِبُ لِيْ اَلِيْمَ عِقَابِكَ

اور جن چیزوں سے تیرے دردناک عذاب کا سزاوار قرار پاؤں مجھے ان سے دور رکھ

اِنَّكَ لَطِيْفٌ لِّمَا تَشَاۤءُ

یقیناً جس پر تو چاہے لطف و کرم کر سکتا ہے

## جمعرات کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

Scanned with CamScanner

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ الَّیْلَ مُظْلِمًا بِقُدْرَتِهٖ

تمام تعریفیں اس اللہ کی جس نے اپنی قدرت سے رات کو اس کی تاریکیوں سمیت ہٹا دیا

وَجَآءَ بِالنَّهَارِ مُبْصِرًا بِرَحْمَتِهٖ وَكَسَانِیْ ضِيَآءَهٗ

اور اپنی رحمت سے نور پھیلانے والا دن لایا اور دن کی روشنی مجھ پر چھائی

وَاٰتَانِیْ نِعْمَتَهٗ اَللّٰهُمَّ فَكَمَآ اَبْقَيْتَنِیْ لَهٗ

اور اس کی نعمتیں مجھے دیں یا اللہ جیسے اس دن کے لیے مجھے زندہ رکھا اسی طرح

فَاَبْقِنِیْ لِاَمْثَالِهٖ وَصَلِّ عَلَى النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ

اور دنوں کے لیے بھی مجھے برقرار رکھ اور رحمت نازل فرما نبی (برحق) محمد

وَّاٰلِهٖ وَلَا تَفْجَعْنِیْ فِيْهِ وَفِیْ غَيْرِهٖ

اور ان کی آل پر اور مجھے اس دن اور اس کے علاوہ دوسرے شب و روز

مِنَ اللَّيَالِیْ وَالْاَيَّامِ بِارْتِكَابِ الْمَحَارِمِ

میں مبتلائے غم نہ کرنا کہ میں حرام امور کا ارتکاب کروں

وَاكْتِسَابِ الْمَاٰثِمِ وَارْزُقْنِیْ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا

اور گناہ سمیٹوں اور مجھے اس دن اور جو کچھ آج کل ہونے

فِيْهِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ وَاصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّهٗ

والا ہے اسکی خوبیاں نصیب فرما اور آج اور آج کے بعد

وَشَرَّ مَا فِيْهِ وَشَرَّ مَا بَعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

ہر شر (برائی) سے محفوظ رکھ یا اللہ! میں تیری بارگاہ

Scanned with CamScanner

بِذِمَّةِ الْاِسْلَامِ اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ وَبِحُرْمَةِ

کے لیے عہدِ اسلام کے وسیلہ اور حرمتِ قرآن

الْقُرْاٰنِ اَعْتَمِدُ عَلَيْكَ وَبِمُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى

کے ذریعہ اعتماد اور حضرت محمد مصطفٰی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ اَسْتَشْفِعُ لَدَيْكَ

صلی اللہ علیہ آلہ وسلم سے تیری بارگاہ میں شفارش چاہتا ہوں

فَاعْرِفِ اللّٰهُمَّ ذِمَّتِيَ الَّتِيْ رَجَوْتُ بِهَا قَضَاءَ

یا اللہ! میری اس ضمانت و عہد کو دیکھ لے جن کے وسیلے سے میں اپنی تمنائیں

حَاجَتِيْ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ - اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِيْ

پوری کرنے کی آرزو رکھتا ہوں اے ارحم الراحمین یا اللہ! جمعرات (پنجشنبہ)

فِي الْخَمِيْسِ خَمْسًا لَّا يَتَّسِعُ لَهَآ اِلَّا كَرَمُكَ

میں میری پانچ ایسی خواہشیں پوری کردے جو تیرے کرم کے سوا کسی کے بس کی نہیں

وَلَا يُطِيْقُهَآ اِلَّا نِعَمُكَ سَلَامَةً

اور تیری نعمتوں کے علاوہ انھیں کوئی برداشت نہیں کرسکتا (وہ پانچ تمنائیں یہ ہیں)

اَقْوٰى بِهَا عَلٰى طَاعَتِكَ وَعِبَادَةً

صحت و سلامتی جسکے سہارے تیری فرمانبرداری میں تقویت حاصل کروں اور عبادت

اَسْتَحِقُّ بِهَا جَزِيْلَ مَثُوْبَتِكَ وَسَعَةً فِي الْحَالِ

جس کی بناپر تیرے ثوابِ بے حساب کا مستحق ہوں اور حلال روزی عطا کر

Scanned with CamScanner

مِنَ الرِّزْقِ الْحَلَالِ وَاَنْ تُؤْمِنَنِیْ فِیْ

کے مجھے خوش حال کردے اور مجھے اپنے امنِ خاص سے خوف کے

مَوَاقِفِ الْخَوْفِ بِاَمْنِكَ وَتَجْعَلَنِیْ مِنْ طَوَارِقِ

مقامات میں امن وسکون عطا فرما اور رنج وغم کے حملوں

الْهُمُوْمِ وَالْغُمُوْمِ فِیْ حِصْنِكَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

میں مجھے اپنے قلعہ (وپناہ) میں رکھنا اور محمدؐ و آلِ محمدؐ پر

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ تَوَسُّلِیْ بِهٖ شَافِعًا یَّوْمَ

رحمت نازل فرما اور حضورؐ سے میرے توسّل کو قیامت کے روز شفاعت

الْقِیٰمَةِ نَافِعًا اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

کرنے والا بنا بے شک تو سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

## جُمعہ کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْاَوَّلِ قَبْلَ الْاِنْشَآءِ وَالْاِحْیَآءِ

اس اللہ کی حمد وثنا جو پیدا کرنے اور زندگی عطا کرنے سے پہلے

وَالْاٰخِرِ بَعْدَ فَنَآءِ الْاَشْیَآءِ الْعَلِیْمِ الَّذِیْ

اور تمام چیزوں کے فنا ہونے کے بعد رہنے والا ہے وہ علیم جو

لَا يَنْسٰى مَنْ ذَكَرَهٗ وَلَا يَنْقُصُ مَنْ شَكَرَهٗ

اپنے یاد رکھنے والوں کو نظرانداز اور اپنے شکرگزاروں کو (نعمتیں دینے میں) کمی نہیں کرتا

وَلَا يُخَيِّبُ مَنْ دَعَاهُ وَلَا يَقْطَعُ رَجَآءَ مَنْ

جو اسے پکارے اُسے وہ ناکام نہیں رہنے دیتا اور جو اس سے آس لگائے وہ اسے مایوس

رَجَاهُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ شَهِيْدًا

نہیں کرتا یا اللہ! میں تجھے گواہ کرتا ہوں اور تیرا گواہ ہونا ہی کافی ہے

وَّاُشْهِدُ جَمِيْعَ مَلٰٓئِكَتِكَ وَسُكَّانَ سَمٰوٰتِكَ

اور تیرے تمام ملائکہ کو اور آسمانوں کے مکینوں

وَحَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَنْ بَعَثْتَ مِنْ اَنْبِيَآئِكَ

اور حاملینِ عرش اور تیرے بھیجے ہوئے نبیوں

وَرُسُلِكَ وَاَنْشَاْتَ مِنْ اَصْنَافِ خَلْقِكَ

اور رسولوں اور تیری طرح طرح کی مخلوق کو گواہ بناتا ہوں

اَنِّيْٓ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ

اور گواہی دیتا ہوں کہ بلاشبہ فقط توہی "اللہ" ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں تو یکتا ہے

لَا شَرِيْكَ لَكَ وَلَا عَدِيْلَ وَلَا خُلْفَ لِقَوْلِكَ

تیرا کوئی شریک و جواب نہیں تیرا قول ٹلنے اور

وَلَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ

تیرے کلمات بدلنے والے نہیں اور بلاشبہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ

عَلَيْهِ وَآلِهٖ عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ اَدّٰی مَا حَمَّلْتَهٗ

وسلم تیرے بندۂ خاص اور رسول ہیں جو (پیغام) تونے بندوں کے لیے

اِلَی الْعِبَادِ وَجَاهَدَ فِی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

ان کے حوالے کیا تھا وہ انھوں نے پہنچادیا اور اللہ عزوجل کی راہ میں پوری

حَقَّ الْجِهَادِ وَاَنَّهٗ بَشَّرَ بِمَا هُوَحَقٌّ مِّنَ الثَّوَابِ

پوری کوشش کی جو واقعی ثواب تھا اس کی بشارت دی

وَاَنْذَرَ بِمَا هُوَ صِدْقٌ مِّنَ الْعِقَابِ

اور جو واقعی عذاب ہے اس سے آپؐ نے ڈرایا

اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِیْ عَلٰی دِیْنِكَ مَآ اَحْيَيْتَنِیْ

پروردگار! مجھے اپنے دین پر ثبات و استقلال عطا فرما جب تک تو مجھے زندہ رکھنا چاہتا ہے

وَلَا تُزِغْ قَلْبِیْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِیْ وَهَبْ لِیْ

میرے دل کو اپنی رہنمائی کے بعد گمراہ نہ ہونے دے اور مجھے اپنے

مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

خزانے سے رحمت عطا فرما بلاشبہ تو سب سے زیادہ انعام دینے والا ہے

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ مِنْ

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آلِ محمد پر رحمت فرما اور مجھے آنحضرتؐ

اَشْيَاعِهٖ وَشِيْعَتِهٖ وَاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَتِهٖ

کے پیروکار اور تابعین میں شمار فرما اور مجھے ان کے حلقہ میں محشور فرما

وَوَفِّقْنِیْ لِاَدَآءِ فَرْضِ الْجُمُعَاتِ وَمَآ اَوْجَبْتَ

مجھے جمعہ کے فرائض اور اس دن کی واجب کردہ اطاعتوں

عَلَیَّ فِیْهَا مِنَ الطَّاعَاتِ وَقَسَمْتَ لِاَهْلِهَا

کو انجام دینے اور اہل اطاعت کے لیے جو انعامات تو روزِ جزا

مِنَ الْعَطَآءِ فِیْ یَوْمِ الْجَزَآءِ اِنَّكَ اَنْتَ

تقسیم فرمائے گا انھیں حاصل کرنے کی توفیق عطا فرما بلاشک وشبہ تو

الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ

صاحب اقتدار اور حکمت والا ہے

## ہر پریشانی اور مشکل میں پڑھنے کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

یااللہ میں تجھ سے محمدؐ اور آلِ محمدؐ کے حق کا واسطہ دے کر دعا کرتا ہوں

اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

کہ محمد اور آلِ محمد پر رحمت نازل فرما

وَّاَنْ تُنْجِیَنِیْ مِنْ هٰذَا الْغَمِّ ط

اور مجھے اس غم سے نجات عطا کر

تمام حاجات کے لیے معصومینؑ سے مروی نہایت سریع الاثر دُعا ہے۔

# دُعائے توسّل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ وَ اَتَوَجَّهُ اِلَیۡكَ بِنَبِیِّكَ

یا اللہ! میں تجھ سے سوال اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں تیرے نبی،

نَبِیِّ الرَّحۡمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ

رحمت والے نبی محمد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے وسیلے سے

یَاۤ اَبَا الۡقَاسِمِ یَا رَسُوۡلَ اللّٰهِ یَاۤ اِمَامَ الرَّحۡمَةِ

یا ابو القاسم علیہ السلام! یا رسول اللہ! اے رحمتوں کے امام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

یَا سَیِّدَنَا وَ مَوۡلٰنَاۤ اِنَّا تَوَجَّهۡنَا وَ اسۡتَشۡفَعۡنَا

اے ہمارے سیّد و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلۡنَا بِكَ اِلَی اللّٰهِ وَقَدَّمۡنَاكَ بَیۡنَ یَدَیۡ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیۡهًا عِنۡدَ اللّٰهِ اشۡفَعۡ لَنَا عِنۡدَ اللّٰهِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے!

یَاۤ اَبَا الۡحَسَنِ یَاۤ اَمِیۡرَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ یَا عَلِیُّ

یا ابو الحسن علیہ السلام یا امیر المومنینؑ یا علیؑ

ابنَ اَبی طَالِبٍ یَا حُجَّۃَ اللہِ عَلٰی خَلقِہٖ

ابن ابی طالب علیہ السلام اے دُنیا پر اللہ کی حجّت

یَا سَیِّدَنَا وَ مَولٰنَآ اِنَّا تَوَجَّہنَا وَاستَشفَعنَا

اے ہمارے سیّد و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلنَا بِکَ اِلَی اللہِ وَقَدَّمنَاکَ بَینَ یَدَی

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیہًا عِندَ اللہِ اشفَع لَنَا عِندَ اللہِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے!

یَا فَاطِمَۃَ الزَّہرَآءِ یَا بِنتَ مُحَمَّدٍ یَا قُرَّۃَ عَینِ الرَّسُولِ

یا فاطمہ زہرا سلام اللہ، اے دُختر محمدؐ، اے نورِ دیدہ رسولؐ

یَا سَیِّدَتَنَا وَمَولَاتَنَآ اِنَّا تَوَجَّہنَا وَاستَشفَعنَا

اے ہماری سردار و مخدومہ! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلنَا بِکِ اِلَی اللہِ وَقَدَّمنَاکِ بَینَ یَدَی

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیہَۃً عِندَ اللہِ اشفَعِی لَنَا عِندَ اللہِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے!

یَآ اَبَا مُحَمَّدٍ یَا حَسَنَ ابنَ عَلِیٍّ اَیُّہَا المُجتَبٰی

یا ابو محمدؑ! یا حسن بن علیؑ! یا مجتبیٰ علیہ السلام

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہؑ اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے!

يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا حُسَيْنَ ابْنَ عَلِيٍّ

یا ابو عبداللہؑ یا حسین بن علی علیہ السلام

اَيُّهَا الشَّهِيْدُ الْمَظْلُوْمُ

اے شہید مظلوم

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہؑ اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمایئے!

يَا اَبَا مُحَمَّدٍ يَا عَلِيَّ ابْنَ الْحُسَيْنِ

یا ابو محمدؑ یا علیؑ بن حسینؑ!

يَا زَيْنَ الْعَابِدِيْنَ اَيُّهَا السَّجَّادُ

یا زین العابدینؑ اے سجاد علیہ السلام

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہؐ! اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار،

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمایئے

يَا اَبَا جَعْفَرٍ يَا مُحَمَّدَ ابْنَ عَلِيٍّ اَيُّهَا الْبَاقِرُ

یا ابو جعفرؑ! یا محمدؑ بن علیؑ یا باقر علیہ السلام

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہؐ اے دنیا پر اللہ کی حجت

Scanned with CamScanner

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَآ اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

يَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا جَعْفَرَ ابْنَ مُحَمَّدٍ اَيُّهَا الصَّادِقُ

یا ابو عبداللہؑ یا جعفر بن محمدؑ یا صادق علیہ السلام

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہؐ! اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَآ اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

يَآ اَبَآ اِبْرَاهِيْمَ يَا مُوْسَى ابْنَ جَعْفَرٍ

یا ابا ابراہیمؑ یا موسٰی بن جعفر علیہ السلام

یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ یَا حُجَّۃَ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ

اے فرزندِ رسول اللہؑ اے دنیا پر اللہ کی حجت

یَا سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَآ اِنَّا تَوَجَّھْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلْنَا بِکَ اِلَی اللّٰہِ وَقَدَّمْنَاکَ بَیْنَ یَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْھًا عِنْدَ اللّٰہِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰہِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

یَآ اَبَا الْحَسَنِ یَا عَلِیَّ ابْنَ مُوْسَی الرِّضَا

یا ابو الحسنؑ یا علی بن موسٰی رضا علیہ السلام

یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ یَا حُجَّۃَ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ

اے فرزندِ رسول اللہؑ اے دنیا پر اللہ کی حجت

یَا سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَآ اِنَّا تَوَجَّھْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلْنَا بِکَ اِلَی اللّٰہِ وَقَدَّمْنَاکَ بَیْنَ یَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْھًا عِنْدَ اللّٰہِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰہِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

يَآ اَبَا جَعْفَرٍ يَا مُحَمَّدَ ابْنَ عَلِيٍّ اَلْجَوَادُ

یا ابو جعفرؑ یا محمّد بن علی جواد (تقی) علیہ السلام

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہؐ اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَآ اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سیّد و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَىْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمایئے

يَآ اَبَا الْحَسَنِ يَا عَلِيَّ ابْنَ مُحَمَّدٍ اَيُّهَا الْهَادِىْ

یا ابو الحسنؑ علی بن محمد ہادی نقی (علیہ السلام)

اَلنَّقِيُّ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہؐ اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَآ اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سیّد و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَىْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

Scanned with CamScanner

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

يَا اَبَا مُحَمَّدٍ يَا حَسَنَ ابْنَ عَلِيٍّ اَيُّهَا الْعَسْكَرِيُّ

یا ابو محمدؑ یا حسن بن علیؑ یا عسکری علیہ السلام

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہؐ اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

پیش کرتے ہیں، اے خدا کے نزدیک صاحب عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

يَا وَصِيَّ الْحَسَنِ الْخَلَفُ الصَّالِحُ الْحُجَّةُ اَيُّهَا

یا حسنؑ (عسکری) کے وصی اور صالح خلف، یا حجت (خدا) یا

الْقَائِمُ الْمُنْتَظَرُ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ

قائم منتظر (وہ زندہ جن کا انتظار آمد ہے) علیہ السلام اے فرزند رسول اے دنیا پر اللہ کی

عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

حجت اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰہِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَىْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتے ہیں اور اپنی حاجتیں آپ کے سامنے

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰہِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰہِ

پیش کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے!

| | |
|---|---|
| حاجات طلب کریں اور یہ بھی پڑھیں | يَا سَادَاتِىْ وَمَوَالِىَّ<br>اے میرے سردارو، میرے آقاؤ |

اِنِّىْ تَوَجَّهْتُ بِكُمْ اَئِمَّتِىْ وَعُدَّتِىْ لِيَوْمِ

میں آپ کی طرف متوجہ ہوں آپ میرے امام، آپ میری محتاجی اور میری مسکینی،

فَقْرِىْ وَفَاقَتِىْ وَحَاجَتِىْ اِلَى اللّٰہِ

میری حاجتوں کو اللہ کے حضور میں پیش کرنے کا ذخیرہ ہیں

وَتَوَسَّلْتُ بِكُمْ اِلَى اللّٰہِ وَاسْتَشْفَعْتُ بِكُمْ اِلَى

میں آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتا ہوں۔ آپ سے اللہ کی بارگاہ میں شفاعت

اللّٰہِ فَاشْفَعُوْا لِىْ عِنْدَ اللّٰہِ وَاسْتَنْقِذُوْنِىْ مِنْ

کا طلب گار ہوں، اللہ سے میری سفارش کیجیے، اللہ کی بارگاہ میں مجھے

ذُنُوْبِىْ عِنْدَ اللّٰہِ فَاِنَّكُمْ وَسِيْلَتِىْ اِلَى اللّٰہِ

گناہوں سے بچائیے پس آپ اللہ کے دربار میں میرا وسیلہ ہیں

وَبِحُبِّكُمْ وَبِقُرْبِكُمْ اَرْجُوْ نَجَاةً مِّنَ اللّٰہِ

آپ کی محبت اور آپ کے تقرب کی وجہ سے مجھے اللہ کی عدالت سے معافی کی امید ہے

Scanned with CamScanner

فَكُونُوا عِندَ اللهِ رَجَائِیْ یَا سَادَاتِیْ یَا اَوْلِیَاءَ اللهِ

پس اللہ کی بارگاہ میں میری امید بن جائیں اے میرے سردارو اے اولیاء اللہ

صَلَّی اللهُ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ

اللہ کی رحمت ہو ان سب پر اور اللہ کی لعنت

وَلَعَنَ اللهُ اَعْدَاءَ اللهِ ظَالِمِیْهِمْ مِّنَ

ہو ان دشمنانِ خدا پر پہلوں اور پچھلوں میں سے جنہوں

الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اٰمِیْنَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

نے ان پر ظلم ڈھائے۔ اے جہانوں کے پروردگار! دعا قبول فرما

# روزہ

**واجب روزے :** ماہِ رمضان المبارک کے روزے ۔ منت نذر، قسم کے روزے۔ کفّارہ کے روزے ۔ رمضان المبارک کے قضا روزے

**مستحب روزے :** ماہِ رجب و شعبان میں جتنے زیادہ ممکن ہوں خصوصًا ۱۳، ۱۵، ۲۵ اور ۲۷ رجب اور ۳ و ۱۵ شعبان المعظم

عیدِ مباہلہ ۔ عیدِ غدیر ۔ ۱۷ ربیع الاوّل ۔ ۲۵ ذیقعد

ہر ماہ میں جمعرات، جمعہ اور پیر کے دن وغیرہ

## نیّتِ روزہ

